سوال

(511)''سوڈان کا فرقہ ''الانصار

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

مغربی سوڈان میں ''الانصار''یعنی ''امام مہدی کے مددگار'' کے نام سے ایک جماعت بکثرت موجود ہے' عوام میں سے کئی ملین افراد اس سلسلہ سے منسلک ہیں۔ یہ (نام نہاد) مہدی اپنے مطبوعہ پمفلٹ میں کہتا ہے : ''جناب رسول اللہ ﷺ میرے لشکر کے آگے چلتے اور مجھے فتح کی خوشخبری دیتے تھے۔'' ان خرافات کے متعلق آپ کی کیا رائے ہے؟ براہ کرم جواب ضرور دیجئے۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

(۱) اس شخص کا یہ دعویٰ کہ وہ مہدی ہے اور رسول اللہ ﷺ اس کے لشکر کے آگے چلتے اور اسے فتح کی بشارت دیتے تھے' بالکل جھوٹ ہے اور اللہ کی شریعت کے خلاف ہے اور اس حقیقت کے بھی خلاف ہے جس پر ملت اسلامیہ کا اتفاق ہے۔ کیونکہ جناب رسول اللہ ﷺ اپنی قبر مبارک سے قیامت کے دن ہی باہر تشریف لائیں گے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا :

ثُمَّ إِنَّكُم بَعدَ ذ‌ٰلِكَ لَمَيِّتونَ ﴿١٥﴾ ثُمَّ إِنَّكُم يَومَ القِيـٰمَةِ تُبعَثونَ ﴿١٦﴾... المؤمنون

''پھر تم اس کے بعد مرجانے والے ہو۔ پھر تم قیامت کے دن اٹھائے جاؤ گے۔''

اور فرمایا :

إِنَّكَ مَيِّتٌ وَإِنَّهُم مَيِّتونَ ﴿٣٠﴾ ثُمَّ إِنَّكُم يَومَ القِيـٰمَةِ عِندَ رَبِّكُم تَختَصِمونَ ﴿٣١﴾... الزمر

''(اے نبی!) آپ بھی فوت ہونے والے ہیں اور یہ (کافر) بھی مرنے والے ہیں۔ پھر تم قیامت کے دن اپنے رب کے پاس جھگڑا کرو گے (تمہارا مقدمہ رب کے سامنے پیش ہوگا)۔''

نبی ﷺ نے فرمایا :

(أَنَا أَوَّلُ مَنْ تَنْشَقُّ عَنْهُ الْأَرْضُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ)

''میں (وہ شخص) ہوں' جس پر سے قیامت کے دن سب سے پہلے زمین شق ہوگی۔''

(۲) مہدی منتظر کے متعلق کئی کتابیں لکھی گئی ہیں' ان میں سب سے جامع اور زیدہ صحیح کتاب وہ ہے جو فضیلۃ الشیخ عبدالمحسن عباد' سابق نائب رئیس جامعہ اسلامیہ (مدینہ منورہ) نے تحریر فرمائی ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ دارالسلام

ج1

محدث فتویٰ